جائزہ لیا ہے بلکہ آئندہ کے لیے عملی لائحہ عمل کے خطوط بھی واضح کیے ہیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے نظریاتی اور فکری میدان میں کام کی اہمیت کو زیادہ اجاگر کیا ہے۔ ہم ان سے اس اعتبار سے متفق ہیں کہ اسلام اور ملّتِ اسلامیہ کا درد رکھنے والے مسلمانوں کو جو مغرب میں مقیم ہیں' احیائے اسلام کے لیے جن گوشوں میں کام کرنا چاہیے اس کی انہوں نے اچھے انداز میں نشاندہی کی ہے۔ اس لیے کہ وہاں رہتے ہوئے نظریاتی سطح پر ہی جہاد ممکن ہے اور اس کے لیے مسلمانوں کے پاس ایک بہترین ہتھیار اور آلہ قرآن حکیم کی صورت میں موجود ہے۔ مکی دور میں آنحضورﷺ کو اسی شمشیرِ قرآنی کے ذریعے جہاد کرنے کی تلقین فرمائی گئی تھی۔

مصنف سے اس ای میل ایڈریس پر رابطہ کیا جا سکتا ہے: tsidd96472@aol.com

اور مصنف کے بارے میں تفصیلی تعارف ان کی ویب سائٹ سے معلوم کیا جا سکتا ہے' ویب سائٹ کا ایڈریس یہ ہے: www.dawahinamericas.com

(تبصرہ نگار: ڈاکٹر ابصار احمد)

(۲)

نام کتاب : جواہر التجوید

مصنف : قاری عبدالرحمٰن

ضخامت : ۱۵۲ صفحات' قیمت : درج نہیں

ملنے کا پتہ : مکتبہ قدوسیہ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

مصنف کو علم التجوید کے ساتھ گہرا شغف ہے۔ وہ فن کی باریکیوں اور دیگر تفصیلات سے پوری طرح آگاہ ہیں۔ احادیثِ نبویہؐ میں قرآن مجید کو خوبصورتی کے ساتھ پڑھنے کی تلقین ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں تجوید کا علم سیکھنے کی خواہش رکھنے والوں کے لیے تسلی بخش مواد جمع کر دیا ہے۔

مضامین کے چند عنوانات اس طرح ہیں: تجوید کی چند ضروری اصطلاحات' لحن اور اس کی اقسام' مخارج اور اصولِ مخارج کی تفصیل' حرف ضاد کی صحیح ادائیگی کا طریقہ' میم کی مختلف حالتیں' نون کی مختلف حالتیں' ادغام کا بیان' مد کی اقسام' ہمزہ کے احکام' وقف کی اقسام' سکتہ' رموزِ اوقاف' قرآن مجید کے چند مخصوص کلمات کی وضاحت۔ اس کے علاوہ فن تجوید سے متعلق ہر قسم کی ضروری معلومات اور ہدایات دی گئی ہیں۔ مخارج کی تفہیم کو تصاویر کے ذریعے آسان کیا گیا ہے۔

یہ کتاب نہ صرف طلبہ کے لیے بلکہ تجوید پڑھانے والے اساتذہ کے لیے بھی راہنما ہے۔ کتاب جامعیت کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ کمپوزنگ بھی خوبصورت اور طباعت معیاری ہے۔